## مشق باب نمبر 1

**درست جوابات کا انتخاب کیجیے۔**

ا۔ اللہ تعالیٰ کو واحد و یکتا اور عبادت کے لائق ماننا کہلاتا ہے:

(ا) عقیدۂ رسالت (ب) عقیدۂ توحید (ج) عقیدۂ آخرت (د) عقیدۂ ختم نبوت

۲۔ توحید کی ضد ہے:

(ا) ظلم (ب) شرک (ج) غیبت (د) حسد

۳۔ قرآن مجید کے مطابق اللہ تعالیٰ کے ہاں ناقابل معافی گناہ ہے:

(ا) شرک (ب) قتل (ج) چغلی (د) رشوت

۴۔ تمام عقائد کی بنیاد ہے:

(ا) عقیدۂ رسالت (ب) عقیدۂ توحید (ج) عقیدۂ آخرت (د) عقیدۂ ختم نبوت

۵۔ دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں اپنانا ہو گا:

(ا) توحید کو (ب) سادگی کو (ج) سخاوت کو (د) عاجزی کو

**خالی جگہ پر کیجیے۔**

ا۔ توحید کے معنی ____________ کے ہیں۔

۲۔ سورۃ الاخلاص میں عقیدہ ______________ کی وضاحت کی گئی ہے۔

۳۔ اللہ تعالیٰ تمام دنیا کا __________ اور مالک ہے۔

۴۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کی ______________ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

۵۔ زندگی اور موت ________________ کے قبضے میں ہے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

۱۔ توحید سے کیا مراد ہے؟

۲۔ اللہ تعالیٰ نے سورۃ الاخلاص میں کیا ارشاد فرمایا؟

۳۔ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کا ہم کیسے شکر ادا کر سکتے ہیں؟


## تفصیلی جواب تحریر کیجئے۔

قرآن و حدیث کی روشنی میں عقیدہ توحید کی اہمیت بیان کریں۔

عملی زندگی میں توحید کے تقاضے بیان کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

اللہ تعالیٰ کے دس صفاتی نام قران مجید سے تلاش کر کے لکھیں اور رنگ بھریں۔



## ذہنی آزمائش

۱۔ جب آپ بیمار ہوتے ہیں تو کون آپ کو شفا دیتا ہے؟

۲۔ زندگی اور موت کا اختیار کس کے پاس ہے؟

۳۔ تمام جانداروں کو رزق کون دیتا ہے؟

۴۔ کائنات کا نظام کس کے قبضہ قدرت میں ہے؟

۵۔ ہمیں ہر وقت کس کا شکر ادا کرنا چاہیے؟

- سورۃ الاخلاص میں بیان کردہ اللہ تعالیٰ کی صفات تلاش کیجئے اور لکھیے۔

## مشق باب نمبر 2

### درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

ا۔ رسول کے معنیٰ ہیں:

(ا) سیدھا راستہ دکھانے والا (ب) منع کرنے والا (ج) خبر دینے والا (د) پہنچانے والا

۲۔ خاتم النبیین ہیں:

(ا) حضرت محمد رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

(ب) حضرت عیسیٰ عَلَيْهِ السَّلَامُ

(ج) حضرت ابراھیم عَلَيْهِ السَّلَامُ

(د) حضرت داؤد عَلَيْهِ السَّلَامُ

۳۔ قرآن مجید میں عقیدۂ ختم نبوت کا ذکر آیا ہے:

(ا) سورۃ الاحزاب میں (ب) سورۃ الفجر میں (ج) سورۃ الاخلاص میں (د) سورۃ الناس میں

۴۔ دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ہم پر سب سے زیادہ اطاعت لازم ہے:

(ا) نبی کریم رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی

(ب) اساتذہ اکرام کی

(ج) والدین کی

(د) بزرگان دین کی

### خالی جگہ پر کیجئے۔

ا۔ نبی کا معنی ______________ ہے۔

۲۔ نبی اور رسول اللہ تعالیٰ کے ____________ ہوتے ہیں۔

۳۔ اللہ تعالیٰ نے کم و بیش ______________ انبیاء کرام معبوث فرمائے۔

۴۔ ______________ آخری رسول اور نبی ہیں۔

۵۔ نبی کریم رَسُوْلُ اللهِ خَاتَمُ النَّبِيّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی زندگی انسانوں کے لیے ______________ نمونہ ہے۔

**مختصر جوابات دیجیے۔**

۱۔ نبوت اور رسالت سے کیا مُراد ہے؟

۲۔ عقیدۂ ختمِ نبوت کے بارے میں قرآن مجید کی ایک آیت کا ترجمہ تحریر کریں۔

۳۔ دنیا و آخرت میں کامیابی کے لیے ہمیں کیا کرنا چاہیے؟


**تفصیلی جواب تحریر کریں۔**

۱۔ قرآن و سنت کی روشنی میں عقیدۂ ختمِ نبوت کی وضاحت کریں۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی راہنمائی کے لیے کن ہستیوں کو منتخب فرمایا، وضاحت کریں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

ایک عمارت بنائیں جس میں ایک اینٹ کی جگہ خالی ہو اور اس مثال سے عقیدۂ ختمِ نبوت واضح کریں۔



والدین اور اساتذہ کی مدد سے قرآن مجید میں جن سورتوں میں عقیدۂ ختم نبوت کا ذکر آیا ہے ان کے بارے میں درج ذیل معلومات لکھیں۔

| سورت کا نام | پارہ نمبر | آیات کی تعداد | آیت نمبر جس میں عقیدۂ ختمِ نبُوّت کا ذکر ہو | مکی/مدنی سورت |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

خوش خط لکھیں اور رنگ بھریں۔

لَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ

ترجمہ: میرے بعد نہ کوئی رسول آئے گا اور نہ کوئی نبی۔ (جامع ترمذی، حدیث:2272)

## مشق باب نمبر 3

### درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔

ا۔ ارکانِ اسلام کی تعداد ہے:

(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

۲۔ کلمہ شہادت کے حصے ہیں:

(ا) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

کلمہ شہادت میں ذکر ہے:

(ا) توحید پر ایمان کا (ب) آخرت پر ایمان کا

(ج) فرشتوں پر ایمان کا (د) آسمانی کتابوں پر ایمان کا

۳۔ کلمہ شہادت کے دوسرے حصے میں بیان ہے:

(ا) اللہ تعالیٰ کی واحدانیت کا (ب) اللہ تعالیٰ کے خالق ہونے کا

(ج) نبی کریم کی رسالت کا (د) اللہ تعالیٰ کی اطاعت کا

### خالی جگہ پر کیجئے۔

ا۔ ارکان اسلام کی تعداد ____________ ہے۔

۲۔ کلمہ شہادت کے __________ حصے ہیں۔

۳۔ کلمہ شہادت میں توحید اور ______________ کا بیان ہے۔

۴۔ کلمہ شہادت میں ایک مسلمان اور ایک کافر کے درمیان ___________ واضح کرتا ہے۔

### مختصر جوابات دیجیے۔

۱۔ کلمہ شہادت سے کیا مراد ہے؟

۲۔ ارکانِ اسلام کتنے ہیں اور کون کون سے ہیں؟

۳۔ کلمہ ءشہادت کے کتنے حصے ہیں اور ان میں کیا کیا بیان کیا گیا ہے؟

**تفصیلی جواب تحریر کریں۔**

۱۔ کلمہ ءشہادت کی اہمیت واضح کریں۔

۲۔ کلمہ ءشہادت کی تعلیمات کے بارے آپ کیا جانتے ہیں؟ اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

درخت کے پتوں پر ارکان اسلام کے نام لکھیں۔




- کلمہ شہادت کا ترجمہ چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- روزانہ کی بنیاد پر کلمہ شہادت پڑھنے کا معمول بنائیں۔

## مشق باب نمبر 4

**درست جوابات کا انتخاب کیجئے۔**

۱۔ نماز ادا کرنے کے لیے بلانے کو کہتے ہیں:

(ا) اذان (ب) تکبیر (ج) تسبیح (د) تحمید

۲۔ اذان پڑھنے والا کہلاتا ہے:

(ا) موذن (ب) مورخ (ج) استاد (د) خطیب

۳۔ اسلام کے پہلے موذن ہیں:

(ا) حضرت ابو بکر صدیق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (ب) حضرت عمر فاروق رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

(ج) حضرت عثمان غنی رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ (د) حضرت بلال رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہُ

۴۔ وقت کی پابندی کی عادت ڈالنے کے لیے ہمیں اپنانا ہو گا:

(ا) بروقت نماز ادا کرنے کو (ب) کثرت نوفل کو

(ج) صلہ رحمی کو (د) کفایت شعاری کو

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ نماز کے لیے بلانے کو ___________ کہتے ہیں۔

۲۔ نبی کریم رَسُوْلُ اللّٰہِ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰٓی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو وحی کے ذریعے ________ کا حکم دیا گیا۔

۳۔ اذان کے کلمات ______________ کر ادا کرنے چاہییں۔

۴۔ اذان ___________ پڑھنی چاہیے۔

۵۔ اذان کے الفاظ کو ____________ سے سننا چاہیے۔

## مختصر جوابات دیجیے۔

۱۔ اذان کا معنی اور مفہوم بیان کریں۔

۲۔اذان کی اہمیت کے بارے میں قرآن مجید کی ایک آیت تحریر کریں۔

۳۔اذان کے دو آداب تحریر کریں۔

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

ا۔اذان کی اہمیت وفضیلت واضح کریں۔

۲۔اذان کی آواز سن کر ہمیں کیا کرنا چاہیے؟

**سرگرمیاں برائے طلبہ**

- موذّن کی فضیلت کے بارے میں دو احادیث چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- اذان کے الفاظ گھر سے سیکھ کر آئیں۔

## مشق باب نمبر ۵:

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

ا۔وُضو کا معنی ہے:

(ا) روشن (ب) تروتازہ (ج) صاف ستھرا (د) صحت مند

۲۔حدیثِ مبارکہ کے مطابق نماز کی کنجی ہے:

(ا) تکبیر تحریمہ (ب) وضو (ج) اذان (د) جماعت کے ساتھ نماز ادا کرنا

۳۔وُضو شروع کرنے سے پہلے پڑھنی چاہیے:

(ا) تسمیہ (ب) اقامت (ج) آیۃ الکرسی (د) سورۃ الفاتحہ

۴۔وُضو کے فرائض میں سے ہے:

(ا) ہاتھ دھونا (ب) نماز ادا کرنا (ج) کلی کرنا (د) پورے چہرے دھونا

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ نماز ادا کرنے سے پہلے ____________ کرنا فرض ہے۔

۲۔ انسانی جسم کے اعضا ____________ کی وجہ سے روشن اور چمک دار ہوں گے۔

۳۔ ____________ کے چار فرائض ہیں۔

۴۔ وُضو شروع کرنے سے پہلے ____________ پڑھنی چاہیے۔

**مختصر جوابات دیجیے۔**

ا۔ وُضو کا معنی و مفہوم بیان کریں۔

۲۔ وُضو کی اہمیت کے بارے میں ایک حدیثِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ تحریر کریں۔

۳۔ وُضو کے کوئی سے تین آداب لکھیں۔

۴۔ وُضو کے انسانی صحت پر کیا اثرات مرتب ہوتے ہیں؟

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

ا۔ وُضو کی اہمیت قرآن و سُنّت کی روشنی میں واضح کریں۔

۲۔ وُضو کے فرائض تحریر کریں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

- والدین کی مدد سے وُضو کا طریقہ سیکھیں اور اس پر عمل کریں۔
- وُضو کے آداب چارٹ پر لکھیں اور کمرا جماعت میں لگائیں۔

**مشق باب نمبر ۶:**

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

۱۔ نماز دین اسلام کا:

(ا) دروازہ ہے (ب) ستون ہے (ج) تارف ہے (د) گھر ہے

۲۔ حدیث کے مطابق مومن اور کافر کے درمیان فرق کرنے والی عبادت ہے:

(ا) روزہ (ب) حج (ج) نماز (د) زکوۃ

۳۔ دورانِ نماز دھیان ہونا چاہیے:

(ا) کپڑوں کی طرف (ب) اللہ تعالیٰ کی طرف (ج) امام کی طرف (د) لوگوں کی طرف

۴۔ نمازِ عصر کا وقت شروع ہوتا ہے:

(ا) غربِ آفتاب کے وقت (ب) سُورج نکلنے کے وقت

(ج) نمازِ ظہر کا وقت ختم ہونے سے (د) طلوعِ فجر کے وقت

۵۔ نماز ادا کرنے سے پہلے سب سے زیادہ ضروری عمل ہے:

(ا) وُضو کرنا (ب) غسل کرنا (ج) روزہ رکھنا (د) منہ دھونا

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ مومن اور کافر کے درمیان فرق کرنے والا عمل ______________ ہے۔

۲۔ ہر مسلمان مرد و عورت پر ______________ فرض ہے۔

۳۔ نماز ادا کرتے وقت رُخ ______________ کی طرف ہونا چاہیے۔

۴۔ نمازی کا جسم اور ______________ پاک ہونا چاہیے۔

۵۔ نماز ادا کرنے سے پہلے ______________ کرنا ضروری ہے۔

## مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ نماز کی اہمیت کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا کوئی ایک فرمان لکھیں۔

۲۔ نماز ادا کرنے سے کون کون سی صفات پیدا ہوتی ہیں؟

۳۔ نماز کے کوئی سے دو آداب بیان کریں۔

۴۔ پانچ نمازوں کے نام اور اُن کی فرض رکعتیں بتائیں۔

## تفصیلی جواب تحریر کریں۔

۱۔ نماز کی اہمیت قرآن و سُنّت کی روشنی میں واضح کریں۔

۲۔ کوئی سے پانچ نمازِ آدابِ نماز بیان کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

- **آئینہ عمل**

کیا آپ مقررہ وقت پر نماز دا کرتے ہیں؟

_______________

کیا آپ نماز ادا کرنے سے قبل درست طریقے سے وُضو کرتے ہیں؟

_______________

کیا آپ درست طریقے سے نماز ادا کرتے ہیں؟

_______________


کیا آپ مسجد میں جماعت کے ساتھ نماز ادا کرتے ہیں؟

_______________

پانچ وقت نماز پڑھنے کی کوشش کیجیے اور درج ذیل چارٹ مکمل کیجیے۔

| نماز | فرض رکعتیں | سُنّتِ موکدہ | سُنّتِ غیرِموکدہ | واجب | نفل | کل رکعتیں |
|---|---|---|---|---|---|---|
| فجر | | | | | | |
| ظُہر | | | | | | |
| عصر | | | | | | |
| مغرب | | | | | | |
| عشاء | | | | | | |

پانچ نمازوں کے نام پھولوں میں لکھیں اور ان میں رنگ بھریں۔



درخت کے پتوں پر آدابِ نماز لکھیں اور رنگ بھریں۔




## مشق باب نمبر ۷:

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

۱۔ جس سمت منھ کر کے نماز ادا کی جاتی ہے اسے کہتے ہیں؟

(ا) درس گاہ (ب) مسجد (ج) سکول (د) قبلہ

۲۔ مسلمانوں کا قبلہ ہے:

(ا) خانہ کعبہ (ب) بیت اللحم

(ج) مسجدِ نبوی صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ (د) مسجدِ قبا

۳۔ خانہ کعبہ علامت ہے مسلمانوں کے:

(ا) اتحاد کی (ب) طرزِ تعمیر کی (ج) رعب و دبدبے کی (د) شان دار ماضی کی

۴۔ مسجد کا معنی ہے:

(ا) سجدہ کرنے کی جگہ (ب) خرید و فروخت کا مرکز

(ج) اطاعت گزاری کا مقام (د) احترام والی جگہ

۵۔ مسجد میں جانے سے پہلے کون سا کام منع ہے؟

(ا) وُضو کرنا (ب) کھانا کھانا (ج) پانی پینا (د) مولی یا لہسن کھانا

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

ا۔ مسجد ____________ زبان کا لفظ ہے۔

۲۔ بیت اللہ مسلمانوں کا ______________ ہے۔

۳۔ قبلہ کی طرف منہ کر کے ____________ منع ہے۔

۴۔ مسجد میں با جماعت نماز ادا کرنے سے ____________ و محبت کے جذبات پیدا ہوتے ہیں۔

۵۔ مسجد میں ہمیشہ ______________ رہنا چاہیے۔

## مختصر جواب دیجیے۔

ا۔ خانہ کعبہ کا تعارف بیان کریں۔

۲۔ قبلہ کے دو آداب لکھیں۔

۳۔ مسجد کی فضیلت کے بارے میں ایک آیت کریمہ کا ترجمہ لکھیں۔

۴۔ ہمیں کس طرح مساجد کا احترام کرنا چاہیے۔

## تفصیلی جواب تحریر کریں۔

ا۔ خانہ کعبہ مسلمانوں کے اتحاد کی علامت ہے وضاحت کریں۔

۲۔ مسجد کی اہمیت تحریر کریں۔

## سر گرمیاں برائے طلبہ:

جن کاموں کا کرنا مسجد میں منع ہے ان کاموں کی فہرست بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ____________ | ____________ | ____________ |
| ____________ | ____________ | ____________ |

خوش خط لکھیں اور رنگ بھریں۔

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ

- مسجدِ نبوی کا ایک خوب صورت ماڈل بنائیں اور کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔
- ساتذہ کرام اور والدین کی مدد سے درج ذیل مساجد کی تصاویر تلاش کریں اور نوٹ بک پر لگائیں۔

مسجدِ حرام　　　　مسجدِ اقصیٰ　　　　مسجدِ نبوی

- پاکستان کی سب سے بڑی مسجد کون سی ہے اس کا نام لکھیں اور تصویر نوٹ بک پر لگائیں۔
- 'مسجد کی اہمیت اور مسجد کے آداب' کے عنوان پر کمرا جماعت میں مذاکراہ کریں۔

## مشق باب نمبر ۸:

### درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی ولادت باسعادت کا سال ہے:

(ا) 571ء　　(ب) 572ء　　(ج) 573ء　　(د) 574ء

۲۔ حضرت عبد المطلب نے آپ خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کا عقیقہ کیا:

(ا) پیدائش کے ساتویں دن　　(ب) پیدائش کے آٹھویں دن

(ج) پیدایش کے نویں دن　　(د) پیدایش کے دسویں دن

۳۔ حضرت ابو طالب کا پیشہ تھا:

(ا) ماہی گیری　　(ب) ملازمت　　(ج) صنعت کاری　　(د) تجارت

۴۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے شام کا سفر کیا:

(ا) تبلیغِ دین کے لیے　　(ب) تجارت کی غرض سے

(ج) ہجرت کی غرض سے (د) سیاحت کی غرض سے

۵۔ ورقہ بن نوفل علم رکھتا تھا:

(ا) تورات اور انجیل کا (ج) تورات اور آسمانی صحیفوں کا

(ج) زبور اور انجیل کا (د) انجیل اور قرآن مجید کا

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش __________ میں ہوئی۔

۲۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے دادا نے آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کا __________ رکھا۔

۳۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی رضائی والدہ کا نام __________ تھا۔

۴۔ حجرِ اسود __________ کا ایک مقدس پتھر ہے۔

۵۔ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہَا مکہ مکرمہ کی نہایت __________ اور مال دار خاتون تھیں۔

## مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے خاندان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مختصر بیان کیجیے۔

۲۔ حضورِ اکرم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی ولادت پر ہونے والے معجزات مختصر بیان کیجیے۔

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی کفالت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ واضح کیجیے۔

۴۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سفر شام کو مختصر بیان کیجیے۔

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

۱۔ حلف الفضول کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ بیان کیجیے۔


۲۔ حضرت خدیجہ رَضِیَ اللهُ تَعَالٰی عَنْہَا سے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے نکاح کی تفصیل تحریر کیجیے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

خوش خط لکھیں اور رنگ بھریں۔




درخت کے پتوں پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے رشتہ داروں کے نام لکھیں اور رنگ بھریں۔




**جائزہ لیجیے۔**

| | | |
|---|---|---|
| کیا آپ ہمیشہ سچ بولتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ ہمیشہ غریبوں کا خیال رکھتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ والدین کا ہاتھ بٹاتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ اپنے ہم جماعت ساتھیوں کا خیال رکھتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ بڑوں کی عزت کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ ہمیشہ وعدہ پورا کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ ہمیشہ دوسروں کا خیال رکھتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ چھوٹوں پر شفقت کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ صبح سویرے اٹھ کر کلمہ طیبہ پڑھتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ گھر میں داخل ہوتے وقت السلام علیکم کہتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |

| | | |
|---|---|---|
| کیا آپ واش روم میں داخل ہوتے ہوئے بیت الخلاء کی دعا پڑھتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ صبح سویرے اُٹھ کر وُضو کر کے نماز ادا کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ مسواک یا برش کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ بیت الخلاء سے واپسی پر صابن سے ہاتھ دھوتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ گھر میں اور سکول میں اپنے کمرے کی صفائی کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| کیا آپ کے سکول میں ہفتہ صفائی منایا جاتا ہے؟ | ہاں | نہیں |

- کیا آپ چھٹی والے دن اپنی جسمانی صفائی کا خیال رکھتے ہیں، بال کٹواتے ہیں، ناخن تراشتے ہیں؟
- عامُ الفیل کا واقعہ والدین کی مدد سے سیرت کی کتابوں میں پڑھیں اور اپنے دوستوں کو سنائیں۔
- نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کی پیدائش کے موقع پر رونما ہونے والے معجزات کی تفصیل اساتذہ سے سنیں اور کاپیوں پر لکھیں۔
- انٹرنیٹ سے شام کا نقشہ لے کر اس میں اساتذہ کرام کی مدد سے بُصریٰ کے مقام کی نشان دہی کیجیے اور نوٹ بک پر لگائیں۔

## مشق باب نمبر ۹

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

ا۔ صداقت سے مُراد ہے:

(ا) حقیقت کے برعکس بات کرنا (ب) بڑھا چڑھا کر بات کرنا

(ج) خوشامد کرنا (د) حقیقت کے مطابق سچی بات کرنا

۲۔ مکہ مکرمہ والوں نے آپ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کو لقب دیا تھا:

(ا) صادق کا (ب) محمود کا (ج) قاسم کا (د) شافع کا

۳۔ اہلِ مکہ اپنی امانتیں رکھواتے تھے:

(ا) نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے پاس

(ب) ابولھب کے پاس

(ج) ابوجہل کے پاس

(د) ابوسفیان کے پاس

۴۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے قریشِ مکہ سے خطاب فرمایا:

(ا) کوہِ صفا پر (ب) کوہِ طور پر (ج) جبل احد پر (د) جبل رحمت پر

۵۔ رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے کس موقع پر کفارِ مکہ کی امانتیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے سپرد کیں؟

(ا) غزوۂ بدر (ب) غزوۂ احد (ج) واقعہ ء معراج (د) ہجراتِ مدینہ

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ صداقت سے مراد ______ ہے۔

۲۔ مکہ مکرمہ میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو ______ کے لقب سے پکارا جاتا تھا۔

۳۔ انبیا کرام عَلَیْہِمُ السَّلام نے ______ کا درس دیا۔

۴۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے جھوٹی قسمیں کھا کر ______ فروخت کرنے سے منع فرمایا ہے۔

۵۔ معاشرے میں جھوٹ اور ______ کی وجہ سے بگاڑ پیدا ہوتا ہے۔

## مختصر جواب دیجیے۔

ا۔ صداقت و امانت سے کیا مُراد ہے؟

۲۔ امانت داری سے متعلق اللہ تعالیٰ کا کوئی ایک فرمان بیان کیجیے۔

۳۔ ہجرتِ مدینہ کے وقت نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے حضرت علی کرم اللہ وجھہ کو کیا حکم دیا؟

۴۔ انبیاء کرام عَلَیْہِمُ السَّلام کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

## تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔

ا۔ اسوۂ حسنہ کی روشنی میں امانت داری و صداقت کی اہمیت واضح کیجیے۔

۲۔ کوہِ صفا پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے قریشِ مکہ سے کیا خطاب فرمایا؟

۳۔ حسنِ معاملات کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

دیانت داری کے فوائد تحریر کیجیے۔




- امانت داری اور صداقت سے متعلق کوئی واقعہ اپنے دوستوں کو سنائیں۔
- سیرتِ طیبہ خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ سے امانت داری اور حسنِ معاملات کے واقعات پڑھ کر ساتھیوں کو بتائیں۔

## مشق باب نمبر 10

### درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

ا۔ صبر سے مُراد ہے:

(ا) برداشت کرنا (ب) خرچ کرنا (ج) پیروی کرنا (د) منع کرنا

۲۔ مزاج کے خلاف بات کو برداشت کرنا کہلاتا ہے:

(ا) رواداری (ب) کفایت شعاری (ج) ملنساری (د) اطاعت گزاری

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے مسیحی علما کے وفد کو ٹھرایا:

(ا) مسجدِ نبوی خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ

(ب) دارِ ارقم میں

(ج) مسجدِ قبا میں

(د) حضرت ابو ایّوب انصاری رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ گھر میں

۴۔ طائف کے لوگوں نے اسلام کی دعوت پر آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(ا) اسلام قبول کر لیا

(ب) آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو تحائف دے کر واپس بھیج دیا۔

(ج) آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو پتھروں سے زخمی کر دیا۔

(د) آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی مہمان نوازی کی۔

۵۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے سفر طائف سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

(ا) صبر و تحمل (ب) کفایت شعاری کا (ج) سخاوت کا (د) رواداری کا

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ دین میں ______________ نہیں ہے۔

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے ______________ کے ساتھ رواداری کا معاملہ کیا۔

۳۔ ___________ کو مسجدِ نبوی میں ٹھہرایا۔

۴۔ صبر کے معنی ہیں ______________۔

۵۔ شِعبِ ابی طالب میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ ______________ محصور رہے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

ا۔ رواداری کا معنیٰ و مفہوم بیان کیجیے۔

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے مسیحی علما کے ساتھ کیا سُلُوک فرمایا؟

۳۔ صبر و تحمل کا معنیٰ و مفہوم بیان کیجیے۔

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

ا۔ سیرتِ طیبہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی روشنی میں رواداری کی اہمیت بیان کیجیے۔

۲۔ سفر طائف کا واقعہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔

۳۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی زندگی سے ہمیں صبر و تحمل کے حوالے سے کیا سبق ملتا ہے؟

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

- سیرتِ طیبہ خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے رواداری کے واقعات پڑھ کر دوستوں کے ساتھ تبادلہ خیال کیجیے۔
- سیرتُ النبی صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے صبر و تحمل کے مزید واقعات ایک دوسرے کو سُنائیں۔

## مشق باب نمبر ۱۱

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

ا۔ سچ سے مُراد ہے:

(ا) حقائق کے مطابق بات کرنا　　(ب) کسی کا نقصان کرنا

(ج) حقائق کے خلاف بات کرنا　　(د) اخلاقی بات کرنا

۲۔ مکّہ مکرمہ کے لوگ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّنَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو پکارتے تھے:

(ا) صادق وامین کے لقب سے (ب) احمد و مرسل کے لقب سے

(ج) اجود واشرف کے لقب سے (د) حامد و محمود کے لقب سے

۳۔ قرآن مجید کے مطابق اللہ تعالیٰ کی لعنت ہے:

(ا) جھوٹے پر (ب) بخیل پر (ج) فضول خرچ پر (د) لالچی پر

۴۔ سچ راستہ دکھاتا ہے:

(ا) نیکی کا (ب) گناہ کا (ج) امن کا (د) نجات کا

۵۔ تمام برائیوں کی جڑ ہے:

(ا) چغل خوری (ب) جھوٹ (ج) بغض (د) بخل

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ سچ ............ کا باعث ہے۔

۲۔ سچ دل کا ............ ہے۔

۳۔ سچ بولنے سے انسان کے ............ میں اضافہ ہوتا ہے۔

۴۔ جھوٹ ............ کر دیتا ہے۔

۵۔ جھوٹ بولنا ............ میں کمی کا باعث ہے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

ا۔ سچ کا معنی و مفہوم بیان کیجیے۔

۲۔ سچ کے بارے میں قرآنی آیت کا ترجمہ تحریر کیجیے۔

۳۔ سچ کے دو فوائد بیان کیجیے۔

۴۔ اس سبق سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

## تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔

ا۔ سچ کی اہمیت واضح کیجیے۔


۲۔ جھوٹ کے چار نقصانات تحریر کیجیے۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

## جائزہ لیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ کیا آپ مذاق میں بھی جھوٹ نہیں بولتے؟ | ہاں | نہیں |
| ۲۔ کیا آپ ہمیشہ سچ بولتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| ۳۔ کیا جھوٹ تمام بڑائیوں کی جڑ ہے؟ | ہاں | نہیں |
| ۴۔ کیا سچ نجات کا باعث ہے؟ | ہاں | نہیں |

درخت کے پتوں پر سچ کے فوائد لکھیں اور رنگ بھریں۔



- سچ بولنے کے فوائد چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کیجیے۔

## مشق باب نمبر 12

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

ا۔ گُفت گُو ہمیشہ ہونی چاہیے۔

(ا) مختصر (ب) طویل (ج) سخت لہجے میں (د) اشعار پر مبنی

۲۔ والدین اور اساتذہ سے

(ا) بحث نہیں کرنی چاہیے۔ (ب) بحث کرنی چاہیے

(ج) سخت لہجے میں گُفت گُو کرنی چاہیے (د) طویل گُفت گُو کرنی چاہیے

۳۔ ہماری گُفت گُو کو پاک ہونا چاہیے۔

(ا) غیبت سے (ب) اچھے الفاظ سے (ج) اشعار سے (د) مزاح سے

۴۔ گُفت گُو کے دوران لہجہ ہونا چاہیے۔

(ا) نرم (ب) سخت (ج) تلخ (د) غصیلا

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

۱۔ بڑوں کے ساتھ ____________ سے گُفت گُو کرنی چاہیے۔

۲۔ گُفت گُو زیادہ ____________ نہیں ہونی چاہیے۔

۳۔ دورانِ گُفت گُو لہجہ ____________ اور میٹھا ہونا چاہیے۔

۴۔ بڑوں کی گُفت گُو کے درمیان ____________ نہیں چاہیے۔

۵۔ والدین اور ____________ سے بحث نہیں کرنی چاہیے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

۱۔ گُفت گُو کے آداب کے بارے میں حدیثِ نبوی خَاتَمُ النَّبِیّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ بیان کیجیے۔

۲۔ گُفت گُو کے دو آداب لکھیں۔

۳۔ گُفت گُو کے دو فوائد لکھیں۔


**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

۱۔ گُفت گُو کی اہمیت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کس طرح گُفت گُو فرماتے تھے؟ وضاحت کریں۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**


گُفت گُو کے پانچ آداب لکھیں۔




## جائزہ لیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ کیا آپ کی گُفت گُو مختصر ہوتی ہے؟ | ہاں | نہیں |
| ۲۔ کیا آپ بڑوں کے ساتھ ادب سے گُفت گُو کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| ۳۔ کیا آپ والدین اور اساتذہ کرام سے بحث کرتے ہیں؟ | ہاں | نہیں |
| ۴۔ کیا آپ کی گُفت گُو میں غیبت، چغلی اور خوشامد ہوتی ہے؟ | ہاں | نہیں |
| ۵۔ کیا آپ کی گُفت گُو جھوٹ سے پاک ہوتی ہے۔ | ہاں | نہیں |

گُفت گُو کے آداب کے خلاف باتیں لکھیں اور پھولوں میں رنگ بھریں۔



- گُفت گُو کے آداب پر مذاکرے کا اہتمام کیجیے۔
- اپنی گُفت گُو کا مشاہدہ کریں کیا آپ گُفت گُو کے آداب کا خیال رکھتے ہیں؟

## مشق باب نمبر 13

### درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ حقوق العباد سے مُراد ہے:

(ا) اللہ تعالیٰ کے حقوق (ب) بندوں کے حقوق

(ج) جانوروں کے حقوق (د) صرف خواتین کے حقوق

۲۔ رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنا کہلاتا ہے:

(ا) صلہ رحمی (ب) عدل و انصاف (ج) عفوو درگزر (د) فضول خرچی

۳۔ انسان پر سب سے زیادہ حق ہے اس کے:

(ا) والدین کا (ب) بھائیوں کا (ج) دوستوں کا (د) پڑوسیوں کا

۴۔ ہماری زندگی کا سب سے اہم حصّہ ہیں:

(ا) رشتہ دار (ب) دوست (ج) بہن بھائی (د) ہم جماعت

۵۔ کون سا شخص جنّت میں نہیں جائے گا؟

(ا) جس کا پڑوسی بھوکا سوئے (ب) جو پڑوسی کے حقوق پورے نہ کرے

(ج) جو رشتہ داروں کا خیال نہ رکھے (د) جس کا پڑوسی اس کی ایذاؤں سے محفوظ نہ رہے۔

### خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ بندوں کے حقوق ____________ کہتے ہیں۔

۲۔ انسان پر سب سے زیادہ حق اُس کے ______________ کا ہے۔

۳۔ استاد ______________ کا درجہ رکھتا ہے۔

۴۔ اسلام نے خواتین کو ______________ عطا کیے ہیں۔

۵۔ گھر میں ایک دوسرے کا کام کرنے سے ____________ پیدا ہوتا ہے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

۱۔ حقوقُ العباد سے کیا مُراد ہے؟

۲۔ والدین کے کوئی سے دو حقوق بیان کیجیے۔

۳۔ خواتین کے کوئی سے دو حقوق بیان کیجیے۔

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

۱۔ قرآن و حدیث کی روشنی میں رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق کی وضاحت کیجیے۔

۲۔ بہن بھائیوں کے حقوق بیان کیجیے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

والدین کے حقوق لکھیں۔

- سورۃ بنی اسرائیل کی آیت نمبر 23۔24 کا مطالعہ کیجیے اور والدین کے حقوق کے بارے میں مزید آگاہی حاصل کیجیے۔
- قرآن و حدیث کی روشنی میں حقوقُ العباد کی اہمیت و فضیلت سے آگاہی حاصل کیجیے اور دوستوں کو بتائیے۔

**مشق باب نمبر 14**

## درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو کہا جاتا ہے:

(ا) اَبُوالبشر (ب) جدُّالانبیا (ج) ذبیح اللہ (د) خلیل اللہ

۲۔ اَبُوالبشر سے مُراد ہے:

(ا) انسانوں کا مددگار (ب) انسانوں کا باپ (ج) انسانوں کا دوست (د) انسانوں کا محافظ

۳۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو اللہ نے سکھائے۔

(ا) چیزوں کے نام (ب) نماز کے کلمات (ج) انبیاء کرام عَلَیْہِمَاالسَّلَامُ (د) فرشتوں کے نام

۴۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ نے عمر پائی:

(ا) 930سال (ب) 940سال (ج) 950سال (د) 960سال

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ اللہ تعالیٰ کے ____________ نبی ہیں۔

۲۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کی پسلی سے حضرت ________________ کو پیدا کیا۔

۳۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو ______________ نے سجدہ کیا۔

۴۔ ابلیس نے حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو ____________ کرنے سے انکار کر دیا۔

۵۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کی تخلیق ____________ سے کی گئی۔

## مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو اَبُوالبشر کیوں کہا جاتا ہے؟

۲۔ کم و بیش کتنے انبیاء کرام عَلَیْہِمَاالسَّلَامُ اس دنیا میں تشریف لائے۔

۳۔ ابلیس نے حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کو سجدہ کرنے سے کیوں انکار کیا۔

### تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔


۱۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

۲۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کی دُعا اور اس کا ترجمہ لکھیں۔

۳۔ حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

### سرگرمیاں برائے طلبہ:

درخت کے پتوں پر انبیاء کرام عَلَیْہِمَاالسَّلَامُ کے نام لکھیں۔



- جس مقام پر حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ دنیا میں تشریف لائے انٹرنیٹ کی مدد سے اس کی تصویر تلاش کریں اور نوٹ بک پر لگائیں۔
- حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ کی دعا کو چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کیجیے۔

## مشق باب نمبر 15

### درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے پہلے رسول ہیں:

(ا) حضرت آدم عَلَیْہِ السَّلَامُ (ب) حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ

(ج) حضرت شیث عَلَیْہِ السَّلَامُ (د) حضرت سلیمان عَلَیْہِ السَّلَامُ

۲۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی قوم کے امیر لوگ:

(ا) آپ عَلَیْہِ السَّلَامُ پر ایمان لائے (ب) آپ عَلَیْہِ السَّلَامُ کے مخالف ہو گئے

(ج) آپ عَلَیْہِ السَّلَامُ کے حمایتی بن گئے (د) غریبوں کی مدد کرنے لگے

۳۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی تبلیغ کا عرصہ ہے:

(ا) ساڑھے چھے سو سال (ب) ساڑھے سات سو سال

(ج) ساڑھے آٹھ سو سال (د) ساڑھے نو سو سال

۴۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی قوم پر عذاب نازل ہوا:

(ا) پانی کا (ب) آگ کا (ج) پتھروں کا (د) کنکریوں کا

۵۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی کشتی میں شامل افراد کی تعداد تھی۔

(ا) پچاس (ب) ساٹھ (ج) ستر (د) اسی

## خالی جگہ پُر کیجیے۔

ا۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی قوم پر ________ کا عذاب نازل ہوا۔

۲۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ ساتھیوں سمیت ________ میں سوار ہو گئے۔

۳۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی کشتی ________ پہاڑ سے ٹکرا کر رُک گئی۔

۴۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کو ________ کہا جاتا ہے۔

۵۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی زندگی سے ہمیں صبر اور ________ کا درس ملتا ہے۔

## مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کو آدمِ ثانی کیوں کہا جاتا ہے؟

۲۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ نے کتنا عرصہ تبلیغ کا فریضہ سرانجام دیا؟

۳۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ اور ان کے ساتھی کس طرح سیلاب سے محفوظ رہے؟

۴۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی زندگی سے حاصل کردہ سبق کو آپ کیسے اپنی زندگی میں لاگو کریں گے؟

**تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔**

۱۔ حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی تبلیغ کے بارے میں بیان کیجیے۔

۲۔ کشتیِ نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ وضاحت کیجیے۔

**سرگرمیاں برائے طلبہ:**

- حضرت نوح عَلَیْہِ السَّلَامُ کی سیرت کے واقعات قرآن مجید سے پڑھیں اور آپس میں ایک دوسرے کو سُنائیں۔
- سبق سے حاصل شُدہ درس کی روشنی میں اپنے اندر صبر کا جذبہ پیدا کیجیے۔

## مشق باب نمبر 16

**درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

۱۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے والد کا نام تھا:

(ا) عبداللہ (ب) عثمان (ج) خطاب (د) نوفل

۲۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو صِدیق کا لقب عطا ہوا:

(ا) واقعہ معراج کی تصدیق کرنے پر (ب) غارِ ثور میں قیام کرنے پر

(ج) حضرت بلال کو آزاد کروانے پر (د) تمام غزوات میں شرکت کرنے پر

۳۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے کس موقع پر گھر کا سارا سامان نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی خدمت میں پیش کیا؟

(ا) غزوۂ بدر (ب) غزوۂ احد (ج) غزوۂ خندق (د) غزوۂ تبوک

۴۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو امیر حج مقرر کیا گیا:

(ا) 6 ہجری میں (ب) 7 ہجری میں (ج) 8 ہجری میں (د) 9 ہجری میں

۵۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کی خدمات میں سے ہے:

(ا) یہودی سے میٹھے پانی کا کنواں خریدنا (ب) مرتدّین زکوٰۃ کے خلاف جہاد کرنا

(ج) بحری بیڑے کا قیام (د) پولیس کے محکمے کا قیام

**خالی جگہ پُر کیجیے۔**

ا۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے ____________ کو خرید کر آزاد کرنا۔

۲۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو نے ____________ میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کے ساتھ قیام کیا۔

۳۔ حضرت عائشہ صِدّیقہ رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہَا ____________ کی بیٹی ہیں۔

۴۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ نے جھوٹے ____________ کے خلاف جہاد کیا۔

۵۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ ____________ ماہ مسلمانوں کے خلیفہ رہے۔

**مختصر جواب دیجیے۔**

ا۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے والد اور والدہ کا نام بتائیں۔

۲۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کا پیشہ کیا تھا؟

۳۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کو صِدّیق کا لقب کیوں ملا؟

## تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کا تعارف بیان کیجیے۔

۲۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کا ہجرتِ مدینہ کے حوالے سے کردار واضح کریں۔


۳۔ حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کی اسلام کے لیے خدمات واضح کریں۔

## سرگرمیاں برائے طلبہ:

درخت کے پتوں میں حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کی اسلام کے لیے خدمات لکھیں اور رنگ بھریں۔




حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے بارے میں معلومات لکھیں اور پھولوں میں رنگ بھریں۔



معمّہ حل کریں اور الفاظ تلاش کریں۔

انصاف  خلیفہ  عثمان  صدیق  قبول

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ا | خ | ل | ی | ف | ہ |
| ن | ص | ی | م | ج | ع |
| ص | د | ق | ع | د | ش |
| ا | د | ب | ر | و | م |
| ف | ی | و | ا | ل | ا |
| ج | ق | ل | ج | ت | ن |

- حضرت ابو بکر صِدیق رَضِیَ اللہُ تَعَالیٰ عَنْہُ کے حالاتِ زندگی پڑھیں اور دوستوں کو بتائیں۔

## مشق باب نمبر17

### درست جواب کا انتخاب کیجیے۔

ا۔ حدیث کی رو سے کھانا کھانے کے بعد کیا کرنا چاہیے۔؟

(ا) وضو کرنا چاہیے  (ب) پانی پینا چاہیے

(ج) غسل کرنا چاہیے  (د) خلال کرنا چاہیے

۲۔ صحت و تن درستی کے اُصولوں پر عمل کرکے ہم کس کو خوش کرتے ہیں۔

(ا) اساتذہ کو

(ب) والدین کو

(ج) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیِّنَ صَلَّی اللہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ کو

(د) پڑوسیوں کو

۳۔ دوپہر کے کھانے کے بعد آرام کرنا:

(ا) فرض ہے (ب) مستحب ہے (ج) واجب ہے (د) سُنّت ہے

۴۔ ایک ہفتے میں ناخن کتنی بار تراشنے چاہیے۔

(ا) چار بار (ب) ایک بار (ج) تین بار (د) دو بار

۵۔ موبائل اور ویڈیو گیمز کا کثرت سے استعمال کن بیماریوں کو جنم دیتا ہے۔

(ا) جسم کی بیماریوں کو (ب) آنکھوں کی بیماریوں کو

(ج) منھ کی بیماریوں کو (د) نفسیاتی بیماریوں کو

خالی جگہ پُر کیجیے۔

۱۔ چٹ پٹے اور مصالحہ دار کھانوں سے ____________ کرنا چاہیے۔

۲۔ نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کے طریقے کے مطابق ہمیں رات کو ____________ سونا چاہیے۔

۳۔ حفظانِ صحت کے اُصولوں کا پہلا قدم ____________ ہے۔

۴۔ پانی کے برتن میں ____________ نہ لیا جائے۔

۵۔ صحت مند زندگی کے لیے ضروری ہے کہ ہم ____________ غذا کا استعمال کریں۔

مختصر جواب دیجیے۔

۱۔ کھانے سے پہلے اور بعد میں ہاتھ دھونا کس کا باعث ہیں؟

۲۔ حدیث کی رو سے پاکیزگی کیا ہے؟

۳۔ وُضو کے دو طبعی فوائد لکھیں۔

۴۔ منھ کی صفائی کے لیے نبی کریم خَاتَمُ النَّبِيِّنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ کس چیز کا استعمال فرماتے تھے؟

تفصیلی جواب تحریر کیجیے۔

ا۔ صحت مند زندگی کے لیے دینِ اسلام کے کن اُصولوں پر عمل کرنا چاہیے؟

۲۔ عملی زندگی میں صفائی کے اثرات تحریر کیجیے۔

سرگرمیاں برائے طلبہ:

خوش خط لکھیں اور رنگ بھریں۔

عَلَيْكُمْ بِالسِّوَاكِ


ترجمہ: تمہارے لیے مسواک کرنا لازم ہے۔

جائزہ لیجیے۔

غور کیجیے اور درست جواب کی نشان دہی کیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ آپ روزانہ دانت صاف کرتے ہیں / کریں گے۔ | الحمداللہ | انشاءاللہ |
| ۲۔ آپ صبح سویرے وُضو کرتے ہیں / کریں گے۔ | الحمداللہ | انشاءاللہ |
| ۳۔ آپ فجر کی نماز باجماعت ادا کرتے ہیں / کریں گے۔ | الحمداللہ | انشاءاللہ |
| ۴۔ آپ پانی بیٹھ کر پیتے ہیں / کریں گے۔ | الحمداللہ | انشاءاللہ |
| ۵۔ آپ پانچ وقت کی نماز ادا کرنے سے پہلے وُضو کرتے ہیں / کریں گے۔ | الحمداللہ | انشاءاللہ |

وُضو کے کوئی سے پانچ فوائد تحریر کریں اور پھولوں میں رنگ بھریں۔



اس سبق کی تدریس سے ہم نے سیکھا ہے کہ: